ہفتہ وار تعطیل کے دن بھی ہسپتالوں میں ایمرجنسی خدمات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، ڈپٹی کمشنر

ڈپٹی کمشنر کنول پور کا ہسپتالوں کا اچانک دورہ، ڈاکٹروں کی حاضری اور ادویات کی دستیابی کا جائزہ

کنول پور (پ ر) 11 مئی: ڈپٹی کمشنر کنول پور سید ذوالفقار حسین بخاری نے ہفتہ وار تعطیل کے دن ضلع کے مختلف سرکاری ہسپتالوں کا اچانک دورہ کیا اور ایمرجنسی خدمات، ڈاکٹروں کی حاضری اور ادویات کی دستیابی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کنول پور، تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال سرخ آب اور ٹی ایچ کیو ہسپتال نیلا گنبد کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے ایمرجنسی وارڈ، او پی ڈی، لیبارٹری اور ادویات کے سٹور کا معائنہ کیا اور مریضوں سے براہِ راست بات چیت کی۔ ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) مسز فرحانہ نورین، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عمران صدیقی اور اسسٹنٹ کمشنر کنول پور مسٹر ہارون الرشید بھی موجود تھے۔

ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ہفتہ وار تعطیل کے دن ہسپتالوں میں آنے والے مریضوں کو کسی بھی قسم کی مشکل کا سامنا نہیں کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی خدمات ہفتے کے ساتوں دن بلا تعطل فراہم کرنا ہر ہسپتال کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ جو ڈاکٹر یا عملہ کا رکن تعطیل کے دن ڈیوٹی پر موجود نہیں پایا جائے گا، اس کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتالوں میں ادویات کی خریداری شفاف طریقے سے کی جائے اور کسی بھی قسم کی بے ضابطگی برداشت نہیں کی جائے گی۔

دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے ایمرجنسی وارڈ میں زیرِ علاج مریضوں سے ملاقات کی اور ان سے علاج معالجے کی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ انہوں نے ایمرجنسی وارڈ میں ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹروں کی حاضری چیک کی اور ہدایت کی کہ ہر ڈاکٹر کی حاضری کا اندراج بائیومیٹرک نظام کے ذریعے کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی وارڈ میں ضروری ادویات کا ہمیشہ وافر ذخیرہ موجود رہنا چاہیے اور کسی بھی کمی کی صورت میں فوری طور پر رپورٹ پیش کی جائے۔

ڈپٹی کمشنر نے ہسپتالوں کے احاطے میں صفائی کے ناقص انتظامات پر بھی برہمی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال کا ماحول مریضوں کی صحت یابی میں اہم کردار ادا کرتا ہے، اس لیے صفائی کے معیار پر کسی قسم کا سمجی نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ہر ہسپتال میں صفائی کے ذمہ دار عملے کی حاضری اور کارکردگی کی روزانہ رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتالوں کے باہر ٹریفک کے بہاؤ کو بہتر بنانے کے لیے ٹریفک پولیس کے ساتھ مل کر اقدامات کیے جائیں گے۔

ڈپٹی کمشنر نے ہسپتالوں کے دورے کے بعد ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل)، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر اور تمام ہسپتالوں کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹس نے شرکت کی۔ اجلاس میں ہفتہ وار تعطیل کے دن ایمرجنسی خدمات کی فراہمی کے لیے ایک تفصیلی روسٹر تیار کرنے کا حکم دیا گیا۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ ہر ہسپتال میں ایک شکایت سیل قائم کیا جائے گا جس کا نمبر ہسپتال کے مرکزی دروازے پر آویزاں کیا جائے گا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ضلع کے تمام ہسپتالوں میں ادویات کی دستیابی کا ہفتہ وار جائزہ لیا جائے گا۔

ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ہسپتالوں کے دورے کا مقصد کسی کو شرمندہ کرنا نہیں بلکہ نظام میں موجود خامیوں کو دور کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتالوں کے عملے کو عوام کی خدمت کا جذبہ اپنانا ہوگا اور ہر شکایت کو سنجیدگی سے لینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتالوں کے دورے کا سلسلہ جاری رہے گا اور اچانک دورے کیے جاتے رہیں گے